© rasailojaraid.com



میری للکار، مرا عزم و وفا میرا خلوص،
میرا احساس مرا جذب دروں میرا پیام!

ادارہ الحسنات نے یہ مجموعہ بڑی اچھی گٹ اپ کے ساتھ پیش کیا ہے۔

---

نام کتاب: غنچہ و گل (شعری مجموعہ)
مصنف: غافل کرنالی
صفحات: ۶۴
قیمت: ۲/۲۵ روپے
ناشر: ادارہ الحسنات، اچھرہ۔ لاہور

"غنچہ و گل" غافل کرنالی کی بچوں کے لئے پاکیزہ نظموں کا مجموعہ ہے۔ سلیس زبان اور رواں دواں انداز بیان میں بچوں کے ذہنی معیار کے مطابق اسلامی، قومی، اخلاقی اور دلچسپ نظموں کا مجموعہ بچوں کے ادب میں قابلِ قدر اضافہ ہے۔

رنگین سرورق، سفید کاغذ، اعلیٰ کتابت و طباعت، غرضیکہ صوری اور معنوی لحاظ سے بچوں کے لئے دیدہ زیب اور مفید کتاب ہے۔

---

# معذرت

مدیر اعلیٰ جناب علامہ احسان الٰہی صاحب ظہیر ان دنوں تبلیغی دورے پر ہیں اور اسی بنا پر آپ ترجمان کے ابتدائی صفحات میں قارئین کرام کو خود مخاطب نہیں فرما سکے۔ ہم معذرت خواہ ہیں اور امید کرتے ہیں کہ تبلیغ کی اہمیت کے پیش نظر ہمارے قارئین اس کمی کو محسوس نہیں فرمائیں گے۔

(ادارہ)

© rasailojaraid.com